# Boys‘ salana ijtima 2014

-1

بہت محترم۔ صداقت صاحب، اظہر صاحب، مبین صاحب
امتیاز صاحب اور عمران صاحب
السلام علیکم ورحمۃ اللہ
خیر و عافیت کی دعاؤں کے ساتھ۔

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ ہمارا مرکزی سالانہ اجتماع 12،
13، 14 اپریل 2014 بروز ہفتہ، اتوار، سوموار برلن میں منعقد ہو رہا ہے۔ جس
میں ہم نے لڑکوں کے لیے باقاعدہ ایک علمی پروگرام ترتیب دیا ہے۔ اور ساتھ ہی
تنظیمی ذمہ داریاں بھی اُن میں بانٹی ہیں۔
افرادی قوت کی کمی کی وجہ سے ہمارا یہ شعبہ ہمیشہ متاثر رہا ہے
لیکن اس بار آپ بھائی صاحبان کا تعاون ہمیں میسر ہے اس لیے اس بار اس شعبے
کے حوالے سے الحمدللہ ہمیں بہت تسلی ہے۔ ہم نے اس شعبے کی پلاننگ کچھ اس طرح
سے کی ہے کہ اسے 2 حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔

1۔ تنظیمی شعبہ — ذمہ دار: صداقت صاحب
معاونین: مبین صاحب۔ اظہر صاحب

2۔ علمی شعبہ — ذمہ دار: امتیاز صاحب
معاون: عمران صاحب

1۔ تنظیمی شعبہ کی ذمہ داریاں اس نوعیت کی ہیں۔
آپ کو ساتھ ہی بچوں کے تینوں شعبوں شعبہ نظم و ضبط۔ شعبہ صفائی اور
شعبہ طعام کی ذمہ داریاں بھی میل کر رہی ہوں انہیں بغور دیکھ لیجئے۔ اُس میں
لکھی ساری ہی ذمہ داریوں پر آپ بھائی صاحبان کو نظر رکھنی ہے۔

2۔ اس بات کو بھی ذہن میں رکھنا بہت ضروری ہے کہ ہمارے بچے بالکل بھی تجربہ کار
نہیں ہیں۔ اُن کے اندر شوق۔ جذبے۔ ولولے۔ تجربے ہر چیز کی کمی ہے۔ آپ
کو خود بچوں سے کام لینا ہے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کچھ بچے کام ہی نہ کریں۔
تو پھر وہ کام آپ کو خود بھی کرنے پڑ سکتے ہیں

3۔ لیکن آپ کی اولین ترجیح یہ ہو کہ محبت سے بچوں کو اُن کی ذمہ داریاں
یاد دلا کر انہیں سے کام لیں۔

4۔ ہفتے کی رات انشاءاللہ بیگ صاحب لڑکوں کو وقت پر سلانے انہیں ملانے اور
صبح اٹھانے۔ نماز پڑھانے اور بعد میں تلاوت کروانے میں آپ کو تعاون دیں
گے۔ اسی طرح اتوار کی رات کو ربانی صاحب انہیں سب کاموں میں آپ کو
تعاون دیں گے۔ ان 2 صاحبان کے علاوہ ایک اور بھائی جن کا نام وقار محمود
ہے وہ بھی دونوں راتوں کو انہیں سارے کاموں میں تعاون کے لیے موجود ہونگے۔
انشاءاللہ۔ انہیں یہ سب کام بتا دئیے گئے ہیں۔

-2

5۔ بچوں کو پروگرامز کے دوران بلکہ وقفوں میں بھی موبائلز استعمال کرنے کی اجازت
نہیں ہوگی آپ پروگرام شروع ہونے سے پہلے اُن سے موبائلز لے کر حفاظت سے
کہیں رکھ دیں۔

2۔ علمی شعبہ کی ذمہ داریاں اس نوعیت کی ہونگی۔

1۔ لڑکوں کو پروگرامز تیار کرنے کے لیے دئیے گئے ہیں۔ لیکن بہت ممکن ہے کہ اُن میں سے
کچھ بچے پروگرام تیار کر کے نہ لائے ہوں۔ یا اُن کے پروگرام بہت مختصر ہوں۔
اس صورت میں آپ کو اس پروگرام کے حوالے سے بات کرنی ہوگی۔

2۔ بچے اپنی اپنی زبان مطلب ڈینش اور جرمن میں پروگرام کریں گے۔ جرمن زبان
کے حوالے سے عمران صاحب آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ڈیوس
برگ سے آنے والے بچوں میں سے کچھ بچوں کی اردو بہت اچھی ہے وہ بھی آپ کو
اس سلسلے میں تعاون دے سکتے ہیں۔

3۔ پروگرامز کے بعد ڈسکشن بھی آپ ہی کروائیں گے۔ ہو سکتا ہے کچھ بچوں
نے کچھ سوالات لکھے یا سوچے ہوں۔ آپ اُن کے مطابق ڈسکشن کروا دیجئے
گا۔

4۔ آپ سے request ہے کہ پروگرام سے پہلے آپ اور عمران صاحب ایک تفصیلی
گفتگو اس حوالے سے کر لیں۔

5۔ بچوں کی تنظیمی ذمہ داریاں۔
بچوں کا علمی پروگرام
اور اُن کی ڈیوٹی لسٹ ساتھ ہی میل میں موجود ہے
براہ مہربانی آپ سب اُن کو ضرور پڑھ لیجئے۔

اللہ تعالیٰ دین کے لیے آپ کی ان کوششوں کو قبول فرمائے اور آپ
سب کو اجر کثیر سے نوازے۔ آمین ثم آمین

والسلام
ناظمہ اجتماع
طیبہ عدنان

## پروگرام برائے مرکزی سالانہ اجتماع

12،13،14 اپریل 2014ء

12 اپریل بروز ہفتہ ۔

| | | |
|---|---|---|
| 9:30 | آمد | |
| 9:45-10:45 | اپنے شعبے کی تیاری | |
| 10:45-11:30 | ڈیوٹیز کا اجتماع + صف بندی | |
| 11:30-11:40 | تلاوت و ترجمہ | طیب عاصم |
| 11:40-11:47 | حمد | |
| 11:47-11:55 | نعت | |
| 11:55-12:05 | ناظم اجتماع کا خطاب | جرار |
| 12:05-12:25 | "اھدنا الصراط المستقیم" | حسنین |
| 12:25-12:45 | ڈسکشن | |
| 12:45-14:45 | نمازِ ظہر ۔ طعام ۔ صفائی | |
| 14:45 | مسجد دیکھنے جائیں گے ۔ | |
| | وہیں پر ایک پروگرام ہوگا ۔ | |
| 45 min | "باہمی تعارف" | |
| | "یورپ میں نوجوانوں کے مسائل اور ان کا حل" | امتیاز صاحب |
| 15 min | پروگرام | |
| 25 min | ڈسکشن | |
| 19:30 | واپسی | |
| 19:30-22:15 | وضو ۔ نمازِ مغرب ۔ طعام ۔ صفائی | |
| | بستر لگانا ۔ نمازِ عشاء | |
| 22:30 | سورۃ ملک بمعہ ترجمہ و ڈسکشن | امتیاز صاحب |
| 23:00 | سونا ۔ | |
| | 13 اپریل بروز اتوار | |
| 4:30-5:15 | بیداری ۔ نمازِ فجر ۔ تلاوت ۔ | |
| 5:15-7:15 | سونا | |
| 7:15-9:00 | تیاری ناشتہ ۔ صفائی ۔ | |
| 9:00-9:10 | تلاوت و ترجمہ | سعد |
| 9:10-9:25 | مومنین کی صفات | سعد |
| 9:25-9:40 | ڈسکشن | مستجاب |



| | | |
|---|---|---|
| 9:40-10:00 | حضرت ابوبکر صدیقؓ | حسن |
| 10:00-10:25 | کوئز حضرت ابوبکر صدیقؓ | حسنین |
| 10:25-11:00 | ہم کون سی فیلڈ میں جا سکتے ہیں ۔ | عمران صاحب ۔ امتیاز صاحب |
| 11:00-11:15 | ریفریشمنٹ | |
| 11:15-11:35 | سورۃ نور آیت 30 غضِ بصر | ہارون |
| 11:35-11:55 | ڈسکشن | |
| 11:55-12:15 | اصحاب کہف | احسن |
| 12:15-12:25 | ڈسکشن | |
| 12:25-12:45 | مسلمان سائنس دان | جرار |
| 12:45-2:45 | وقفہ نمازِ ظہر ۔ طعام ۔ صفائی | |
| 2:45-3:00 | صف بندی | |
| 3:00-4:00 | تلاوت پروگرام | قاری صاحبان |
| 4:00-4:40 | ناظرہ | قاری صاحبان |
| 4:40-5:40 | نمازِ عصر ۔ ریفریشمنٹ | |
| 5:40-6:00 | حلال و حرام | اُسامہ |
| 6:20-6:20 | ڈسکشن | |
| 6:20-6:35 | الکوحل | سعد |
| 6:35-7:15 | سوال و جواب سیشن | امتیاز صاحب |
| 7:15-7:25 | غزوہ بدر | منیب |
| 7:25-7:45 | دروس احادیث | ساحل ۔ احمد ۔ |
| 7:45-10:30 | مغرب ۔ طعام ۔ صفائی ۔ عشاء ۔ | |
| | بستر لگانا ۔ سورۃ ملک | مستجاب (1رکوع) ۔ منیب (1رکوع) |
| 11:00 | سونا ۔ | |
| | 14 اپریل بروز پیر | |
| 4:30-5:15 | بیداری ۔ نمازِ فجر ۔ تلاوت | |
| 5:15-6:45 | آرام | |
| 6:45-8:30 | تیاری ۔ ناشتہ ۔ صفائی | |
| 8:30-8:50 | سورۃ التکاثر | طیب |
| 8:50-9:10 | ڈسکشن | |
| 9:10-9:45 | قوموں کے واقعات | ساحل ۔ حدید ۔ یٰسین ۔ ابراھیم ۔ حسن |
| 9:45-10:30 | دجال | |
| 10:30-10:55 | تاثرات | صداقت غوری صاحب |
| 10:55-11:00 | دعا | اجابہ |

شعبہ نظم و ضبط ۔ ذمہ داریاں ۔

1۔ کمرے میں چارٹس لگانا ۔

2۔ سٹیج بنانا ۔ ( ایک کرسی + ٹیبل الگ ایک طرف لگانا اور پر Table cloth ڈالنا ۔ ساتھ ایک گلدان اور پھول وغیرہ سجانا )
(یہ سب چیزیں آپ کو انکل سے مل جائیں گی )

3۔ پروجیکٹر + کمپیوٹر سیٹ کرنا ۔

4۔ اگر کمرے میں کرسیاں سیٹ کرنی ہیں تو انکل سے مشورہ کرکے سیٹ کرلیں ۔

5۔ پروگرام وقت پر شروع کروانا ۔

6۔ ضرورت پڑے اور بچے پروگرام کے دوران باتیں کر رہے ہوں تو خاموشی کا چارٹ اٹھا کر انہیں دکھانا (تاکہ وہ خاموش ہو جائیں ) ۔

7۔ کمرے میں گند پڑا ہو تو شعبہ صفائی سے کہیں کہ صفائی کر دیں ۔ ( وقفوں میں )

8۔ ٹائیلیٹس کی صفائی کا بھی خیال رکھیں اگر فرش گیلا ہو ۔ یا ٹائیلیٹ گندی ہو تو صفائی والوں سے (وقفوں میں) صاف کروائیں

9۔ رات کو سب بچوں کو تلاوت سننے کے بعد وقت پر لیٹنے کے لیے کہیں (اُس وقت ایک دن ربانی انکل آپ کے پاس ہونگے اور دوسرے دن بیگ انکل ہوں گے)

10۔ بچوں کو سمجھائیں کہ لیٹنے کے بعد آپس میں باتیں نہ کریں

11۔ سب بچوں کو صبح نماز کے لیے اٹھانا ہے اس لیے الارم لگا کر سوئیں ۔ اور صبح اٹھ کر پھر بچوں کو نماز کے لیے اٹھانا شروع کریں ۔

12۔ کمرے کے دروازے کے باہر جوتے بکھرے ہوں تو انہیں اٹھا کر ریک پر رکھ دیں ۔

13۔ بچے اگر بدتمیزی کریں تو صداقت انکل اور ظہیر انکل کو بتائیں ۔

14۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ بچے وضو کے لیے جائیں تو زیادہ وقت اور پانی ضائع نہ کریں ۔

15۔ کھانے کا وقت ہونے والا ہو تو شعبہ طعام کو یاد کروا دیں ۔ تاکہ وہ وقت پر ٹیشو وغیرہ بچھا کر برتن لگا دیں ۔

16۔ کھانے کے لیے آدھ گھنٹے کا وقت دیا جائے گا ۔ آپ نے وقت پر کھانا ختم کروانا ہے

17۔ صبح اٹھنے اور رات کو سونے کی دعائیں ۔ کھانے سے پہلے اور کھانا کھانے کے بعد کی دعائیں ۔ پڑھنے کے لیے ایک بھائی کو ذمہ دار بنا دیں ۔

18۔ رات کو 11 بجے لائیٹس آف کر دیں

19۔ تلاوت سننے کے بعد اگر آپ کے پاس 15-20 منٹ ہوں تو سب مل کر بیٹھ جائیں اور آرام سے کچھ دیر باتیں کر لیں ۔ لیکن شور نہ کریں ۔

20۔ ان سب کاموں کو اپنی ٹیم میں بانٹ دیں ۔



# ڈیوٹی لسٹ

ناظم اجتماع: جرار (برلن)
معاونین : احسن (برلن) سعد (ڈیوس برگ)

ناظم نظم و ضبط: اُسامہ (ڈیوس برگ)
معاون : احسن (برلن)
ٹیم : ہارون ۔ عمر منیر ۔ (ڈیوس برگ)
عبدالرحمٰن ۔ وجاہت ۔ محسن ۔ دانش

ناظم طعام:
معاون : ساحل (ڈنمارک)
ٹیم : حدید ۔ احمد ۔ مومن ۔ یٰسین ۔ (ڈنمارک)
ابراہیم ۔ حسن ۔ فہد (ڈیوس برگ)
حسنین ۔ حامد

ناظم صفائی:
معاون : منیب (برلن)
ٹیم : اسد ۔ اُجابہ ۔ حنان (ڈیوس برگ)
طیب ۔ مومن ۔ ارسلان ۔ دانیال

## شعبہ صفائی - ذمہ داریاں۔

1 - جو کمرہ اور ٹائیلٹس آپ استعمال کریں گے اُن کی صفائی کا آپ کو پورا پورا خیال رکھنا ہو گا۔ (اس میں انکلز آپ کی مدد کریں گے۔)
2 - کمرے میں کوئی گند پڑا دیکھیں تو اسے اٹھا کر بن میں پھینک دیں۔ (جب پروگرام ہو رہا ہو تو درمیان میں اٹھ کر ایسا نہ کریں)
3 - ناشتہ - کھانا - چائے اور رات کے کھانے کے بعد ویکیوم لگانا آپ کی ذمہ داری ہے۔
4 - ہر بار جب بچے وضو کر کے آئیں تو بعد میں ٹائیلٹ کا فرش dry کرنا - باتھ روم کے جوتے سمیٹنا وغیرہ یہ سب بھی آپ کو کرنا ہو گا۔
5 - اگر ٹائیلٹ کی Bins کوڑے سے بھر جائیں تو لفافہ بند کر کے نکال لیں اور نیا لفافہ لگا دیں۔
6 - اگر ٹائیلٹ میں ہاتھ دھونے والا صابن ختم ہو جائے تو انکل کو بتا دیں
7 - آپ کے ساتھ مدد کے لیے صداقت انکل اور آظیر انکل ہوں گے۔ کوئی مسئلہ ہو تو اُن سے بات کریں۔
8 - آپ یہ ذمہ داریاں اپنے ساتھیوں میں بانٹ دیں۔

---

## شعبہ طعام - ذمہ داریاں

1 - آپ اور آپ کی ٹیم نے کھانے پینے کی ساری ذمہ داری اٹھانی ہے۔
2 - صبح ناشتے کے وقت - دوپہر کو کھانے کے وقت - شام کو چائے کے وقت اور رات کو کھانے کے وقت
1- شیٹس بچھانا 2- اُن پر پلیٹیں - گلاس - چمچ - کچن رول - سالن - روٹیاں - پانی - یہ سب چیزیں آپ کو کھانے کے وقت شیٹوں پر رکھنی ہوں گی۔
3 - کھانے کے لیے آدھے گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ آپ نے بچوں سے لینا ہے کہ باتیں بھی کریں لیکن ساتھ ساتھ کھانا بھی کھائیں تاکہ وقت پر کھانا ختم ہو سکے
4 - کھانا رکھ کر آپ لوگ بھی بیٹھ کر جلدی سے کھائیں۔ تاکہ کسی چیز کی ضرورت پڑے تو آپ وہ لا کر دے سکیں۔ (ناظم طعام اور معاون نہ بیٹھیں باقی ٹیم بیٹھ کر کھانا کھائے)
5 - آپ کے کمرے میں پانی کی بوتلیں اور گلاسز ہر وقت موجود رہنے چاہئیں



6 - اگر بوتلیں خالی ہو جائیں تو وقفے میں دوبارہ بھر کر لے آئیں۔ اگر ٹیبل پر گلاسز بکھرے پڑے ہوں تو انہیں ترتیب سے لگا دیں۔
7 - جب کھانا ختم ہو جائے تو سارے برتن ایک بڑے کالے لفافے میں ڈال دیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ برتن یعنی پلیٹیں صاف کر کے لفافے میں ڈالنی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اُن کے اندر ہڈیاں یا بچا ہوا سلاد وغیرہ نہ پڑا ہو۔ پہلے آپ ایک الگ لفافے میں پلیٹوں کا گند ڈال دیں اور بعد میں پلیٹیں الگ کالے بڑے لفافے میں ڈالتے جائیں۔ اس کام میں انشاء اللہ انکل آپ کی پوری پوری مدد کریں گے۔
8 - بعد میں شیٹس کو کپڑے سے اچھی طرح صاف کر کے لپیٹ کر انکل سے پوچھ کر جہاں رکھنی ہوں رکھ دیں۔
9 - شام کو آپ کو فروٹ دیا جائے گا۔ آپ فروٹ کی ٹرے لا کر کمرے میں رکھ دیں۔ تاکہ سب بچے مل کر کھا لیں۔
10 - اس بات کا خیال رکھیں کہ بچے چھلکے وغیرہ ادھر ادھر نہ پھینکیں۔
11 - آپ یہ ساری ذمہ داریاں اپنی ٹیم میں بانٹ دیں۔